آیئے سوچیں۔ ہم نے پاکستان کو کیا دیا؟

جنوری۔اپریل2023ء



زاہد ملک (ستارہ امتیاز)

بانی نظریہ پاکستان کونسل، اسلام آباد


ماہنامہ

# نظریہ

اسلام آباد








## صوفی ازم کے فروغ سے اسلام کا زریں پیغام دنیا تک پہنچایا جا سکتا ہے

### کونسل کے قیام میں زاہد ملک کی زندگی بھر کی ریاضت نظر آتی ہے۔ فارینہ مظہر

نظریہ پاکستان کونسل (ٹرسٹ) آج کے دور میں بہت اچھا کام کر رہا ہے۔ نظریہ پاکستان وطنِ عزیز کی قیمتی اساس ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ نئی نسل کو تخلیقِ پاکستان کی حقیقی روح سے آگاہ کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی سیکرٹری برائے قومی ورثہ ڈویژن فارینہ مظہر نے نظریہ پاکستان کونسل کے دفتر واقع ایف نائن پارک کے دورے کے دوران کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نظریہ پاکستان کونسل کا قیام بڑے قومی مقاصد کے تحت عمل میں لایا گیا تھا جس کے پس منظر میں ممتاز صحافی و دانشور زاہد ملک اور اُن کے رفقائے کار کی شبانہ روز محنت و ریاضت کارفرما نظر آتی ہے۔ دورِ حاضر میں پاکستان جن مسائل کا شکار ہے اُن سے نبرد آزما ہونے کے لئے نظریہ پاکستان کونسل اپنی تقریبات میں زیادہ سے زیادہ یونیورسٹی و کالجز کے طلبہ و طالبات کی شرکت کو ممکن بنائے تاکہ قائداعظم کے فرمودات اور نظریہ پاکستان کو نئے انداز میں نوجوان نسل تک پہنچایا جا سکے۔ مختلف پروگراموں کے ذریعے صوفی ازم کو فروغ دے کر اسلام کے زریں پیغام کو دنیا تک پہنچایا جا سکتا ہے۔ دورانِ ملاقات نظریہ پاکستان کونسل کے چیئرمین میاں محمد جاوید اور ایگزیکٹو سیکرٹری گوہر زاہد ملک نے وفاقی سیکرٹری کو کونسل کے مالی و انتظامی مسائل سے آگاہ کیا۔ شرکاء کو ویڈیوز اور سلائیڈز کے ذریعے نظریہ پاکستان کونسل کی مطبوعات اور دیگر شعبوں کی کارکردگی سے آگاہ کیا گیا۔ اپنے دورے کے دوران وفاقی سیکرٹری نے ایوانِ قائد میں نوادراتِ رسولِ پاکؐ گیلری، قائد گیلری، اقبال گیلری، کشمیر گیلری اور قائد پبلک لائبریری کا دورہ کیا۔ اس اجلاس میں وفاقی سیکرٹری، چیئرمین و ایگزیکٹو سیکرٹری این پی سی کے علاوہ سینئر وائس چیئرمین محمد عبداللہ یوسف، ممبر ایگزیکٹو کمیٹی عمر زاہد ملک، ڈائریکٹر (ایف اینڈ اے)، ڈائریکٹر میڈیا اور سینئر افسران نے شرکت کی۔


# اپنی کتابیں عطیہ کر دیجئے!

آیئے سوچیں۔ ہم نے پاکستان کو کیا دیا؟



ہم آپکی کتابیں اپنی "بک آرکائیو" میں آپکے نام کے گوشۂ خاص میں ڈسپلے کریں گے۔ آپ کی کتب تا حیات صدقۂ جاریہ کے طور پر نئی نسل اور شائقینِ مطالعہ کے علم کی پیاس بجھانے کے ساتھ ساتھ آپ کے نام کو بھی زندہ رکھیں گی۔

نظریہ پاکستان کونسل (ٹرسٹ)

برائے رابطہ: ایوانِ قائد، فاطمہ جناح پارک، مہران گیٹ نمبر 1، F-9۔ اسلام آباد

051-9334524  0300-5302080

ویب سائٹ: www.npctisb.com.pk




وفاقی سیکرٹری برائے قومی ورثہ ڈویژن محترمہ فارینہ مظہر، جوائنٹ سیکرٹری جناب شہزاد حمید درانی اور ڈپٹی سیکرٹری جناب نوید خالد کا ایوانِ قائد میں نظریہ پاکستان کونسل کی مجلسِ عاملہ کے اراکین کے ہمراہ گروپ فوٹو



وفاقی سیکرٹری برائے قومی ورثہ ڈویژن محترمہ فارینہ مظہر اور اُنکے وفد کی، نظریہ پاکستان کونسل کی مجلسِ عاملہ کے اراکین سے ایوانِ قائد میں ملاقات



قائد پکچرز گیلری، ایوانِ قائد میں کونسل کے اراکین کے ساتھ قائداعظمؒ کی نادر و نایاب تصاویر دیکھتے ہوئے